**12-07-2026**

**09:25 am**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔خبروں کا بلیٹن لیکر مینبلال وانی**

**پی ایم نیوزی لینڈ**

**وزیر اعظم نریندر مودی نیوزی لینڈ کا اپنا دو روزہ تاریخی دورہ مکمل کر نے بعدوطن واپس پہنچ رہے ہیں۔یہ چار دہائیوں سے زائد عرصے میں کسی بھارتی وزیر اعظم کا نیوزی لینڈ کا پہلا دورہ تھا، جس کی بدولت دونوں ملکوں کے مابین دوطرفہ تعلقات کو نمایاں فروغ ملے گا۔**

**دورے کے دوران، وزیر اعظم مودی نے اپنے نیوزی لینڈ کے ہم منصب کرسٹوفر لکسن کے ساتھ بات چیت کی۔ دونوں رہنماوں کی موجودگی میں دفاع، سیاحت، کھیل، آفات سے نمٹنے کے انتظام ، اور مویشی پروری جیسے شعبوں میں پانچ مفاہمت نامے طے پا گئے۔واضح رہے وزیر اعظم نریندری مودی6جولائی سے تین ملکوں انڈونیشا ،اسٹریلیااورنیوز لینڈ کے سرکاری دورے پر تھے۔**

**ایل جی**

**لیفٹینننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ موجودہ ڈیجیٹل دور میں مستند، بروقت اور ذمہ دارانہ معلومات کی فراہمی پہلے سے کہیں زیادہ اہم ہو گئی ہے، جبکہ ذرائع ابلاغ سے وابستہ افسران پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ درست معلومات کی موثر ترسیل کے ذریعے عوام اور حکومت کے درمیان اعتماد کو مضبوط بنائیں۔**

**وہ لوک بھون، سری نگر میں انڈین انفارمیشن سروس کے 2023 بیچ، گروپ’بی‘ کے 16 زیرِ تربیت افسران سے ملاقات کے دوران اظہارِ خیال کر رہے تھے۔منوج سنہا نے عوامی ابلاغ کے بدلتے ہوئے منظرنامے پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اطلاعاتی خدمات سے وابستہ افسران کو اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں پوری دیانتداری، حساسیت، غیرجانبداری اور لگن کے ساتھ انجام دینی چاہئیں تاکہ عوام تک قابلِ اعتماد معلومات بروقت پہنچ سکیں۔**

**یاترا**

**سالانہ شری امرناتھ جی یاترا خوش اسلوبی سے جاری ہے اور آج بھی بالتل اور چندن واڑی کے بنیادی کیمپوں سے کئی ہزار یاتری پوتر گپھا کی طرف پیش قدمی کررہے ہیں۔آج صبح 8بجے تک مزید3ہزار 114یاتریوننے پوتر گپھا میں شیو لنگم کے درشن کئے۔**

**اس دوران امرناتھ جی یاترا پر آنے والے شردھالوؤں نے کئے گئے انتظامات پرا پنے تاثرات کا یوں اظہار کیا**

**.......................**

**دریں اثنا جموں کے بھگوتی نگر یاتری نواس سے آج صبح 9ہزار153شردھالوؤں پر مشتمل 11واں قافلہ وادی کی طرف روانہ کیاگیاہے۔**

**ایڈوائزری**

**عدالتِ عظمیٰ کی ہدایات کے مطابق اس سال شری امرناتھ جی یاترا پر آنے والے یاتریوں کی زیادہ سے زیادہ روزانہ تعداد طے کی گئی ہے۔**

**جن شردھالوؤں نے ایڈوانس رجسٹریشن نہیں کرائی ہے ان سے کہا گیا ہے کہ وہ تتکال سہولت سے استفادہ کرکے اپنی رجسٹریشن کرنے کے بعد ہی جموں وکشمیر پہنچ جائیں۔**

**ایک سرکاری بیان میں بغیر رجسٹریشن کے جموں وکشمیر پہنچے سبھی یاتریوں کو اپنی باری کا انتظار کرنے اور انتظامیہ کی طرف سے مقرر کی گئی تاریخ پر یاترا شروع کرنے کی تاکید کی گئی ہے۔**

**سکینہ ایتو**

**حکومت نے سرکاری سکولوں کے اِنتظامی اور تعلیمی ڈھانچے کو مزید مضبوط بنانے کی غرض سے ایک اہم قدم کے تحت 539 ماسٹروں کو اِنچارج ہیڈماسٹر مقررکیاہے۔**

**اس حوالے سے تعلیم کی وزیرسکینہ اِیتونے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی قیادت میں موجودہ حکومت تعلیمی اداروں کی بہتری کے لئے پُرعزم ہے۔ اُنہوں نے کہا سرکارتعلیمی شعبے میں ترقی پسند اصلاحات کی عمل آوری کے ذریعے تعلیمی اِداروں کو جدید خطوط پر استوار کر رہی ہے۔**

## جاوید رانا

جل شکتی کے وزیر جاوید احمد راناافسران کو ہدایت دی کہ وہ تمام اسکیموں کومقررہ مدت کے اندر مکمل کریں،تاکہ عوام ان اسکیموں سے بھرپور فوائدحاصل کرسکیں.وہ سول سیکرٹریٹ جموں میں ایک میٹنگ کے دوران جموں صوبے میں پبلک ہیلتھ انجینئرنگ اورار ی گیشن اینڈ فلڈ کنٹرول محکموں کی کارکردگی کا جائزہ لے رہے تھے۔

اس موقعے پر وزیر نے جموں خطے کے نشیبی علاقونمیں ممکنہ سیلاب کی صورتحال سے نمٹنے کیلئے موثر اقدامات کرنے کے احکامات بھی صادر کئے۔

## فضل الحسیب

سری نگر اسمارٹ سٹی لمیٹڈکے چیف ایگزیکٹو آفیسر فضل الحسیب نے شہر سرینگر کے کئی اہم تاریخی آبی گزرگاہوں اور ندی نالونکا معائینہ کرتے ہوئے افسران پرآبی ذخائر کے تحفظ اور نکاس آب کے بہتر انتظامات کو یقینی بنانے ر زور دیا ہے۔

انہوننے افسران کو ہدایت دی ہے کہ ان آبی گزرگاہوں سے متعلق ایک مکمل رپورٹ تیار کریں تاکہ شہری اثاثوں کے تحفظ اورمربوط منصوبہ بندی کو یقینی بنایا جا سکے۔ اس موقعے پر انہوں نے مقامی لوگوں سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ ندی نالوں اور آبی ذخائر میں کوڑا کَرکٹ پھینکنے سے گریز کریں۔

## اگنو داخلہ

اندراگاندھی نیشنل اوپن یونیورسٹی نے اوپن، ڈسٹنس لرننگ اور آن لائن موڈ کے ذریعے پیش کردہ انڈر گریجویٹ ، پوسٹ گریجویٹ ، ڈپلوما ، پوسٹ گریجویٹ ڈپلوما اور سرٹفکیٹ کورسوں کیلئے درخواستیں طلب کی ہیں۔

ان کورسوں کے داخلے اور ری رجسٹریشن کیلئے 15جولائی آخری تاریخ طے کی گئی ہے۔

## درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 19 اعشاریہ 5 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 23 اعشاریہ 6 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ